سوال

(245)اگر بیوی سگریٹ نوشی کرتی ہو تو کیا اس کے ساتھ زندگی بسر کرنا جائز ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری بیوی نماز، روزہ اور دیگر تمام حقوق اللہ کو تو ادا کرتی ہے ، فرماں بردار بھی ہے اور شوہر کے حقوق بھی ادا کرتی ہے لیکن مجھ سے خفیہ طور پر سگریٹ نوشی بھی کرتی ہے جب مجھے اس کا علم ہوا تو میں نے اسے سزا بھی دی اور اس سے باز رہنے کی تلقین بھی کی لیکن وہ باز نہیں آئی اور بدستور سگریٹ نوشی کر رہی ہے مختصر یہ کہ مجھے اس بیوی کے سلسلہ میں کیا کرنا چاہیئے۔

(ا) کیا میں اس کے اس فعل پر صبر کروں ؟ لیکن کسی کام پر راضی ہونے والا تو اسی طرح ہوتا ہے ، جس طرح کام کرنے والا ؟

(ب) اگر یہ میرے گھر میں رہے اور سگریٹ پیتی رہے تو کیا مجھے گناہ ہوگا ؟

(ج) کیا یہ جائز ہے کہ میں اسے طلاق دے دوں تاکہ اس گناہ سے بچ جاوں ؟

امید ہے کہ آپ مکمل رہنمائی فرمائیں گے کہ میری اس مشکل کا حل کیا ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واجب یہ ہے کہ آپ اسے سمجھاتے رہیں، مسلسل سگریٹ نوشی کے نقصانات سے آگاہ کرتے رہیں اور جہاں تک ممکن ہو اسے سگریٹ نوشی سے باز رکھیں، اس سے آپ کو اجروثواب ملے گا اور کوئی گناہ نہیں ہوگا کیونکہ آپ اس کے اس فعل سے راضی نہیں ہیں بلکہ آپ اسے ناپسند کرتے ہیں اور اسے مسلسل سمجھا سمجھا کر اپنے فرض کو بھی ادا کرتے رہتے ہیں اور اگر آپ کو معلوم ہو کہ سرزنش اور ڈانٹ ڈپٹ کے بغیر یہ باز نہیں آئے گی تو اس میں بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔۔۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی اسے ہدایت عطا فرمائے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص375

محدث فتویٰ